# پراکسی فارم

میں/ہم ________________________________________

رہائش ________________________________________

فیصل بینک لمیٹڈ کے ممبر(ز) کی حیثیت سے رجسٹر فولیو نمبر/پارٹی سپنٹ شناختی نمبر/سی ڈی سی سب اکاؤنٹ نمبر کے مطابق ____________________

عمومی شیئرز کے مالک ہیں اور بذریعہ ہٰذا ________________________________________

فولیو نمبر/پارٹی سپنٹ شناختی نمبر/سی ڈی سی سب اکاؤنٹ نمبر ____________________ یا ان کی غیر موجودگی میں ____________________

رہائش ____________________ کو پراکسی کے طور پر مقرر کرتا ہوں/کرتے ہیں جو کہ میرے/ہمارے پراکسی کے طور میری/ہماری غیر موجودگی میں

بینک کے 25 نومبر، 2022 کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاسِ عام میں میری/ہماری جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہوں گے۔

دستخط ____________________

دستخط کی تاریخ ____________________

گواہ

1۔ ____________________

2۔ ____________________

پانچ روپے کا ریونیو اسٹامپ چسپاں کریں

ممبر(ز) کے دستخط

## نوٹ:

1۔ بینک کے شیئر ٹرانسفر بکس 19 نومبر، 2022 سے 25 نومبر، 2022 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ بینک کے شیئر رجسٹرار کو 18 نومبر، 2022 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفر کو 25 نومبر، 2022 کو کراچی میں منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاسِ عام کے لیے بروقت قرار دیا جائے گا۔

2۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر کسی دوسرے ممبر کو اپنی جگہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی مقرر کر سکتا ہے جبکہ کسی ادارے کی جانب سے مقرر کردہ پراکسی کا ممبر ہونا لازمی نہیں ہے، لیکن اس کے پاس ادارے کی جانب سے تقرری کا ثبوت ہونا چاہیے۔ پراکسیز لازمی طور پر اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ آفس میں وصول ہونی چاہئیں۔

3۔ ممبرز اپنے پتے کی تبدیلی سے متعلق اطلاع بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، بلاک بی، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ ایس۔، مین شاہراہِ فیصل، کراچی کو بروقت دیں۔

4۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 26 جنوری، 2000 کو جاری شدہ سرکلر 1 میں دی گئی رہنماہدایات پر عمل کریں۔

## A۔ اجلاس میں شرکت کے لیے:

i) انفرادی ممبرز کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ آدمی جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوچکی ہیں، انھیں اپنی شناخت کے لیے اجلاس میں شرکت کے وقت اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا پڑے گا۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہے) نامزد کرنے والے کے مجاز دستخط کے ساتھ پیش کرنا ہوگا۔

## B۔ پراکسیز کی تقرری کے لیے:

i) انفرادی ممبرز کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ آدمی جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوچکی ہیں، انھیں درجِ بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

ii) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی درکار ہوگی جن کے نام، پتہ اور سی این آئی سی نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

iii) پراکسی فارم کے ساتھ اصل ممبر اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول منسلک ہوں گی۔

iv) میٹنگ کے وقت پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ضروری ہوگا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، کمپنی کے پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہے) مجاز دستخط شدہ منسلک ہوگا۔